# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

## القرآن

اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کرو اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو وہ مشرق و مغرب کا مالک ہے۔ اس کے سوا کوئی خدا نہیں ہے۔ لہٰذا اسی کو اپنا وکیل بنالو۔ المزمل 8 تا 9

## الحدیث

رسول ﷺ نے فرمایا جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ غصہ ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے عرش ہلنے لگتا ہے۔ مشکوٰۃ

اکتوبر 2001ء شمارہ 4 قیمت 5 روپے

## کلاس روم فرنیچر کمیٹی کی رپورٹ


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کونسل کی تشکیل کردہ فرنیچر کمیٹی نے امسال بھی سکولز کو فرنیچر فراہم کرنے کے پورے کام کی نگرانی کی۔ 2095 سیٹ (بنچ + ڈیسک) کے ساتھ آفس فرنیچر بھی سکولز کو مہیا کیا گیا۔ پنجاب کے پانچ مختلف مقامات پر قائم شدہ ورکشاپس کی وساطت سے مذکورہ بالا تمام فرنیچر تیار کر کے متعلقہ اضلاع تک پہنچایا گیا جس کی مزید تقسیم ضلعی مینیجر کے ذمہ تھی سال رواں کو دوران فرنیچر کی تیاری پر ہونے والے ااخراجات کا تخمینہ 14,91,1650 روپے تھا۔

### فرنیچر کمیٹی


مشتاق احمد مانگٹ (کنوینر)، محمد عارف (سیکرٹری)

ممبران: افتخار احمد شیخ، ضیاء اللہ شاہین، اختر محمود، محمد آصف مجاہد، شہید الحق ظفر، امجد وسیم۔

### Furniture Report (PREP) Yearly Progress




### Furniture Report 2001




| | 15 Dec 00 | 31 Dec 00 | 15 Jan 01 | 31 Jan 01 | 15 Fab 01 | 28 Fab 01 | 15 Mar 01 | 30 Apr 01 | 31 Jul 01 | End |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Demand | 258 | 516 | 774 | 1032 | 1290 | 1548 | 1792 | | | |
| Supply | 250 | 250 | 769 | 870 | 870 | 995 | 1215 | 1583 | 2090 | |

• Demand • Supply

## دورہ سعودی عرب

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وائس چیئر مین پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور جائنٹ سیکرٹری حافظ تنویر احمد نے ماہ ستمبر کے آخری ہفتے میں سعودی عرب کا دورہ کیا۔ ٹرسٹ کے بڑھتے ہوئے دائرہ کار، ضروریات، مختلف شعبہ جات کی کارکردگی اور ہونے والے مفید تجربات کے بارے میں احباب سے تبادلہ خیال ہوا۔ مفید آرا اور قابل عمل تجاویز سامنے آئیں۔ پاکستان ایمبیسی سکول کے 130 اساتذہ کے لیے ٹریننگ سیشن ہوا۔ جس سے حافظ تنویر احمد پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے خطاب کیا۔ مختلف مقامات پر درس قرآن کی نشستیں ہوئیں۔ پاکستان قونصلیٹ کی دعوت پر یوم یکجہتی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے وائس چیئر مین نے خطاب کیا۔ مزید برآں پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور حافظ تنویر احمد نے عمرہ کی سعادت بھی حاصل کی۔

## صوبائی وزیر سماجی بہبود کا دورہ ہیڈ آفس

صوبائی وزیر سماجی بہبود شاہین عتیق الرحمان نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے مرکزی دفتر میں صوبائی وزیر کو خوش آمدید کہا مشتاق احمد مانگٹ نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ہیڈ آفس آمد پر صوبائی وزیر نے مختلف شعبہ جات کے کام کی نوعیت، کارکردگی اور اہداف کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ صوبائی وزیر نے ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کے دورے کی یادگار کے طور پر وائس چیئرمین پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے انہیں سوینیئر پیش کیا۔ اس دورہ میں صوبائی وزیر کے ہمراہ قاضی محمد ایوب ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر پنجاب اور شاہدہ وحید کرک ڈائریکٹر ویمن ڈویژن بھی تھے۔

## فری میڈیکل کیمپ

☆ غزالی سکول سسٹم چک نمبر 168 گ ب سراج ضلع فیصل آباد میں فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی نے مریضوں کا طبی معائنہ کیا اور سکول کی طرف سے ادویات فراہم کی گئیں۔

☆ غزالی سکول سسٹم 33 گ ب نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ لگایا۔ جس میں کم و بیش 400 مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ فیصل آباد کے معروف سرجن ڈاکٹر اختر اور ان کی ٹیم نے کیمپ میں خدمات سرانجام دیں۔

## سمر کیمپ

فیصل آباد جنوبی کے درج ذیل سکولز میں پندرہ روزہ سمر کیمپ کلاسز کا آغاز کیا گیا۔ ان میں غزالی گرلز ہائی سکول ستیانہ، 30 گ ب، 31 گ ب، 33 گ ب، 117 گ ب، 232 گ ب، 165 گ ب، 167 گ ب، 168 گ ب، 173 گ ب شامل ہیں۔ سمر کیمپ کا مقصد تعطیلات میں طلبہ کے معیار تعلیم کو بہتر بنانا تھا۔

## غزالی کالج برائے خواتین لاہور کا قیام

نئے تعلیمی سیشن میں غزالی کالج برائے خواتین لاہور کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ عامر محمود چیمہ پراجیکٹ ڈائریکٹر اور مسز میمونہ پروین کو کالج کا پرنسپل مقرر کیا گیا۔

ابتدائی طور پر F.A اور I.C.S کلاسز کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس کیلئے تدریسی عملہ نے اپنی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ خرم امین ایڈمن مینجر اور خالد سعید آفس انچارج مقرر کئے گئے ہیں۔

17 ستمبر سے انٹرمیڈیٹ کلاسز نے تدریسی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے جبکہ بی اے کے داخلے شروع ہیں۔ کالج انتظامیہ کے مطابق نومبر کے پہلے ہفتے میں بی اے کلاسز کا آغاز کر دیا جائے گا۔ کالج کا ایڈریس یہ ہے۔

272-2-C/1 کالج روڈ ٹاؤن شپ۔ فون نمبر 5111790

## افتتاحی تقریب

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد اور دختران اسلام اکیڈمی مری کے کامیاب تجربہ کے بعد لاہور میں بھی غزالی کالج کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ کیمپس اور تدریسی عملہ فائنل ہونے کے بعد 28 اگست کو کالج کے خوبصورت سبزہ زار میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی شیخ الحدیث مفتی حمید اللہ جان جامعہ اشرفیہ لاہور تھے۔ تقریب کی صدارت کالج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین میاں مقصود احمد نے کی۔ تقریب مین ٹاؤن شپ، جوہر ٹاؤن، ماڈل ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، واپڈا ٹاؤن اور گرین ٹاؤن سے بڑی تعداد میں خواتین و حضرات نے شرکت کی۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری نے ٹرسٹ کا تعارف شعبہ جات کی کارکردگی، اہداف اور پیش رفت کے بارے میں بتایا۔ وائس چیئرمین ٹرسٹ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے۔ صدر تقریب میاں مقصود احمد نے پاکستان میں انتہائی کم شرح خواندگی کے اسباب اور اثرات پر تفصیل سے گفتگو کی اور ٹرسٹ کی تعلیمی پیشرفت کے بارے میں آگاہ کیا۔ شرکاء نے علاقہ میں کالج کے قیام کو بروقت قرار دیتے ہوئے اپنے تعاون کا بھرپور یقین دلایا۔

## فہم قرآن و سنت کورس برائے خواتین

غزالی کالج برائے خواتین لاہور میں چھ روزہ فہم قرآن و سنت کورس 11 ستمبر تا 16 ستمبر منعقد ہوا۔ علاقے سے لوگوں کی کثیر تعداد نے اس اہم کورس میں شرکت کی۔ طاہرہ یاسمین، نادیہ اشتیاق اور ام کلثوم نے قرآن مجید سے منتخب کردہ آیات پر درس دیا۔ میمونہ پروین پرنسپل کالج نے درس حدیث دیا۔ بعد ازاں کالج کا تعارف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کالج میں طالبات کی عمدہ تعلیم کے ساتھ کردار سازی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ شرکاء کورس نے کالج کو علاقے کی اہم ضرورت قرار دیا۔

## شعبہ تعمیرات کے ذرائع کے مطابق

- شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD) نے غزالی سکول سسٹم خواص پور ضلع گجرات کے لئے زمین خرید لی ہے۔ جس پر ابتدائی تعمیرات کا کام بہت جلد شروع ہونے والا ہے۔ شاہ سرمست ضلع کے لئے بھی جگہ کی منظوری دیتے ہوئے رقم جاری کر دی گئی ہے۔
- غزالی سکول سسٹم ہیئر ضلع لاہور کے مڈل سیکشن کی تعمیرات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔
- LACD کے تعارفی پروگرام کے سلسلے میں ضلع خوشاب میں بریفنگ سیشن ہوا۔ ہیڈ آفس سے سید وقاص انجم جعفری، مشتاق مانگٹ عامر محمود چیمہ اور عامر علی کاظمی شریک ہوئے۔ ضلعی ناظم احسان اللہ ٹوانہ اور نائب ناظم شاکر بشیر اعوان کے علاوہ منتخب نمائندوں، سماجی ورکروں اور مخیر حضرات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ٹرسٹ کی تعلیمی جدوجہد کو سراہتے ہوئے مختلف عطیات کا اعلان کیا گیا۔
- ذاکر آباد میں زمین، مٹھہ ٹوانہ میں قاضی امان اللہ نے پرائمری حصہ اور ملک محمد صادق شلولی نے ہائی حصہ کے لیے زمین کا عطیہ دیا۔ اس کے علاوہ مجموعی طور پر ایک مکمل پرائمری سکول کے علاوہ 24 کمروں کی تعمیرات کے عطیات کا اعلان کیا گیا۔

شعبہ LACD نے مستقبل میں تعمیرات کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر پنجاب کے مختلف اضلاع کے تفصیلی دورہ جات کا پروگرام ترتیب دیا ہے۔ جہاں افراد کو ٹرسٹ کی تعلیمی کاوشوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ اور اہل خیر سے تعمیر وطن کے اس قومی منصوبہ میں ہاتھ بٹانے کی اپیل کی جائے گی۔

## تفصیلی پروگرام

درج ذیل تاریخوں میں ان مقامات کا دورہ کیا جائے گا

28 ستمبر خوشاب، 5 اکتوبر چکوال، 14 اکتوبر سرگودھا، 19 اکتوبر گجرات، 26 اکتوبر منڈی بہاؤ الدین، 2 نومبر شیخوپورہ، 9 نومبر فیصل آباد (جنوبی)، 16 نومبر فیصل آباد (شمالی) 23 نومبر جھنگ، 7 دسمبر رحیم یار خان، 21 دسمبر بہاولپور۔

## غزالی فورم

24 اگست 2001ء کو آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں غزالی فورم ہوا۔ ممتاز محقق اور دانشور پروفیسر مستفیض احمد علوی نے ''خلافت یا جمہوریت'' کے موضوع پر اظہار خیال کیا اور آخر میں حاضرین کے سوالات کے جواب دیئے۔ پروفیسر مستفیض احمد علوی نے کہا کہ زیر بحث موضوع کئی لحاظ سے اہم ہے کہ ہمارے ملک کا ایک با اثر طبقہ اس پر بشدت مُصر ہے کہ پاکستان کے عمومی مسائل کی بنیاد درحقیقت جمہوریت کا عدم تسلسل ہے۔ تاریخ انسانی نے ان دونوں نظام ہائے حکومت کو دیکھا ہے۔ جوہری تضادات کی وجہ سے نتائج اور اثرات بھی مختلف ہوتے ہیں۔ جمہوریت دراصل Human will اور خلافت Devine will کا نام ہے۔ جمہوریت میں انسانوں کی اکثریت کوئی بھی قانون، ضابطہ تبدیل کر سکتی ہے۔ جبکہ خلافت کے قانون اور ضابطہ اٹل اور غیر مبدل ہوتے ہیں۔ سیاسی پارٹیاں جمہوریت کا اصل اثاثہ جبکہ خلافت میں طے شدہ اصطلاحیں ہوتی ہیں۔ خلافت میں انسان کی حیثیت نائب یا خلیفہ اللہ کی ہوتی ہے جبکہ جمہوریت میں انسان فکر و طرز عمل میں مکمل با اختیار ہوتا ہے۔

## شعبہ امداد طلبہ کے مطابق

ٹرسٹ کے زیر اہتمام مستحق، نادار اور یتیم طلبہ کی تعلیمی کفالت کیلئے ایک منظّم پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اب تک 2 ہزار سے زائد طلبہ کی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ طاہر یار بلوچ انچارج شعبہ نے غزالی نیوز کو بتایا کہ اس ضمن میں وظائف کے اجرا کے لیے تمام اصول ضوابط وضع کر لیے گئے ہیں۔ یہ ضوابط بہت جلد متعلقہ احباب تک پہنچا دیے جائیں گے۔

## ٹریننگ ورکشاپس

- غزالی سکول سسٹم فیصل آباد ڈویژن کے اساتذہ کے لیے ایک Subject Workshop کا اہتمام دارِ ارقم پبلک سکول فیصل آباد میں کیا گیا۔ جس میں فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے اساتذہ نے شرکت کی۔ ممتاز ماہرین تعلیم پروفیسر ڈاکٹر مدثر احمد چوہدری، علامہ عبدالرشید ارشد، ڈاکٹر اختر علی اور پروفیسر ریاض بٹ نے مختلف تعلیمی موضوعات پر خطاب کیا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر مدثر احمد چوہدری نے شرکاء ورکشاپ میں اسناد تقسیم کیں۔
- غزالی سکول سسٹم جنوبی پنجاب کے اساتذہ کیلئے غزالی انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن خانیوال میں Subject Based Workshop 15-16-17 جولائی 2001 کو منعقد کی گئی۔ بعد از مغرب، پروفیسر علی اصغر سلیمی زکریا یونیورسٹی ملتان نے درس قرآن دیا۔ عزیر لطیف چوہدری کا لیکچر ''تعلیم و تعلّم اور معلم و متعلم اسوہ رسول کی روشنی'' میں ہوا۔ اس کے بعد اساتذہ کو تین گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ حفیظ الرحمٰن، سید شہزاد حسین بخاری اور شبیر احمد مجاہد گروپس انچارج تھے۔ گروپس میں ٹرسٹ کا قاعدہ، آفاق اول، دوم کا تفصیل کے ساتھ مطالعہ کیا گیا۔ بعد ازاں منتخب اساتذہ نے ان کتب کی Presentation پیش کی۔
- ماہِ جولائی کے آخری عشرے میں سوات کے پرفضا مقام (سنگھوٹہ) سوات میں ہونے والی اسلامی نظامت تعلیم پاکستان کے زیر اہتمام ورکشاپ میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی طرف سے چھ افراد نے شرکت کی۔ جن میں غِنا محمد گجر، سجاد احمد ظہیر، احسان الصمد، ضیاء اللہ شاہین، محمد بوٹا اور وارث علی وارث شامل تھے۔
- PREP کے منتخب معلمین کے لیے تدریس ریاضی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ 15 اساتذہ نے شرکت کی۔
- مقامی پرائیویٹ تعلیمی اداروں، دی پنجاب سکول لاہور اور دار ارقم سکول کے لئے تدریس ریاضی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ شرکاء کی تعداد 12 تھی۔



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع خوشاب کے تحت ایک تقریب سے ضلعی ناظم احسان اللہ ٹوانہ، نائب ناظم ضلع شاکر بشیر اعوان اور مسعود نذیر راجڑ خطاب کر رہے ہیں





پروفیسر مستفیض احمد علوی غزالی فورم سے خطاب کرتے ہوئے



پروفیسر اشتیاق احمد گوندل صوبائی وزیر کو سووینئر پیش کر رہے ہیں



سید وقاص انجم جعفری صوبائی وزیر کا استقبال کر رہے ہیں



غزالی کالج برائے خواتین ۔ لاہور




ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپ فیصل آباد سے محبوب الزماں بٹ خطاب کر رہے ہیں



جشن آزادی کے موقع پر سٹیج ڈرامہ ''سوالاکھ'' پیش کیا جا رہا ہے



غزالی سکول سسٹم پروچڑاں ضلع رحیم یار خان میں اسمبلی



روٹری کلب کے ارکان غزالی سکول سسٹم ہیئر ضلع لاہور کے دورہ کے موقع پر



81 جنوبی ضلع سرگودھا میں
جشن آزادی کی تقریب

## جشن آزادی

غزالی سکول سسٹم کے تحت تمام سکولز میں جشن آزادی نہایت ہی جوش وخروش سے منایا گیا۔تقاریر، کوئز، ترانے اور ملی نغموں کے مقابلے ہوئے۔آزادی واک ہوئی۔ملک کی سلامتی اور تحفظ کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔مقامی سطح پر طلبہ وطالبات کے علاوہ منتخب نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور غزالیئن کے جوش وجذبے سے متاثر ہوئے۔غزالی نیوز کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق درج ذیل سکولز میں جشن آزادی منایا گیا۔

| ضلع | غزالی سکول سسٹم | پروگرام | مہمانان خصوصی | جن طلبہ نے حصہ لیا |
|---|---|---|---|---|
| مظفرگڑھ | مہرپو، سنجر سیداں، کریم والا، بستی گھمن، | ترانے، ملی نغمے، تقریری مقابلے | ڈاکٹر مہر سعید اختر، پروفیسر ثناء اللہ سرانی | محمد ارشد، عبدالغفور، نادر شہزاد ،محمد عمران، عاطف کریم، عبدالحئی، عمیر فاروق، عمر فاروق، عبدالواحد |
| ڈیرہ غازیخان | شادن لنڈ، درھٹہ | قومی پرچم جھنڈیاں سجاوٹ، کلام اقبال، ملی نغمے، کوئز | گل شیر خان، احسان اللہ لنڈ | |
| فیصل آباد جنوبی | 30 گ ب،31 گ ب، 74 گ ب،117 گ ب168 گ ب | سٹیج ڈرامہ سوالاکھ، حمدو نعت ، تلاوت ، کوئز، ملی نغمے | ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی شہادت بیگ، افتخار شیخ، وارث علی وارث | رضوان صفدر رانا، عمیر ، محمد عرفان |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 287ج ب304 گ ب، 317 گ ب305 گ ب 341 گ ب | ترانے ملی نغمے، تقریری مقابلے | مشتاق احمد مانگٹ | |
| گجرات | گلیانہ، مکیانہ | منظوم دعا، مارچ پاسٹ، ترانے، ملی نغمے | غضنفر علی ہاشمی، تجمل حسین ہاشمی، میاں شعیب اللہ | ابو بکر صدیق، جویریہ بشارت، عمران بشارت، محمد توقیر، محمد وقاص بشیر، منیب الرحمٰن، حمیرا رشید، سعدیہ پروین، صغریٰ عالم |
| منڈی بہاؤالدین | دھکڑ، ڈھوک کاسب، مرالہ | ترانے، ملی نغمے، تقریری مقابلے، | ضیاءاللہ شاہین | |
| میانوالی | شہبازخیل، پپلاں | ترانے، کوئز، حمد ونعت | عامر علی کاظمی | |
| خوشاب | آدھی کوٹ، رنگپور بھگور، روڈہ، ذاکر آباد، مٹھاٹوانہ، چک47MB، راجڑ، ڈھاک | مارچ پاسٹ، کراٹے، ملی نغمے، تقاریر، سجاوٹ | اختر محمود | |
| شیخوپورہ | ہردیو، گرلز ہائی سکول ہردیو، ملیاں کلاں، کالر، صفدر آباد، رتی ٹبی، میلی برجی، عبداللہ پور | آزادی پریڈ، سجاوٹ، ملی نغمے، تقریری مقابلے، کوئز | شیخ جمیل، بشیر سجل، امداد علی کھوکھر، حاجی محمد طفیل، محمد بوٹا | |
| لاہور | ہینیر، سوڑا، کرباٹھ | ترانے، ملی نغمے، تقریری مقابلے | شہید الحق ظفر | |
| سرگودھا | 81 جنوبی، | ترانے، ملی نغمے، تقریری مقابلے | آصف مجاہد | عثمان اقبال، ارسلان ضیاء، دلاور علی، محمد احمد طاہر، مدثر عنصر، شعیب آفتاب، شیراز |

## نوتعمیر شدہ عمارت میں منتقلی

غزالی سکول سسٹم مکیانہ نوتعمیر شدہ عمارت میں منتقل ہو گیا ہے۔سکول کے سپانسر شہر یار علی صاحب نے سعید خواجہ کے ہمراہ اسکول کا دورہ کیا۔تعمیرات کی تکمیل اور سکول کی منتقلی پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔یادر ہے کہ غزالی سکول سسٹم ہیر ضلع لاہور کے بعد یہ دوسرا سکول ہے جو تکمیل کے بعد اپنی عمارت میں منتقل ہو گیا ہے۔

## روٹری کلب کا دورہ

روٹری کلب کے ایک وفد نے غزالی سکول سسٹم ہیر ضلع لاہور کا دورہ کیا۔وفد نے اپنی نگرانی میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے اور سکول کے نظم وضبط ارو کارکردگی سے بے حد متاثر ہوئے۔

## ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ کا دورہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

شیخ افتخار احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر PREP نے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سکولز 289ج ب، 181 گ ب، 180 گ ب، 521 گ ب اور 183 گ ب کا تفصیلی دورہ کیا۔ریکارڈ کو چیک کیا گیا اور داخلوں کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔

## اعزاز

غزالی سکول سسٹم چک نمبر 30 گ ب ضلع فیصل آباد کے تمام سکولز میں نتائج کے اعتبار سے فرسٹ پوزیشن حاصل کی ہے۔

## برائے رابطہ


| | |
|---|---|
| ہیڈ آفس | 5882939-5850966 |
| میاں مقصود احمد | 0303-7588300 |
| اشتیاق احمد گوندل | 0333-4223636 |
| وقاص انجم جعفری | 0333-4223434 |
| مشتاق احمد مانگٹ | 0300-8454872 |
| عامر محمود چیمہ | 0333-4223347 |
| افتخار احمد شیخ | 0300-9472676 |
| سید عامر علی کاظمی | 0300-9487441 |
| فیصل ٹھاکر | 0300-9456768 |
| محمد عارف | 0300-9418463 |
| عمیر حسن | 0300-8413289 |



زیر اہتمام

انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

66۔ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور۔فون:042-5882939

ای میل:getpak@hotmail.com